**فوری ریلیز کے لیے:** 2023/14/11 **گورنر *KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے میں نیویارک کے فارمز کی مدد کے لیے تقریباً 16$ ملین کا اعلان کر دیا***

***پروگرام کی فنڈنگ گزشتہ سال کے مقابلے میں دوگنی ہو گئی ہے، جس سے 116 فارموں کو ماحولیاتی پائیداری اور موسم کی انتہائی شدید کیفیات کا مقابلہ کرنے کی استعداد بڑھانے میں مدد ملے گی***

***منتخب ہونے والے منصوبے گرین ہاؤس گیسز میں ہر سال اندازاً 64,000 میٹرک ٹن کی کمی لائیں گے***

***اس سے گورنر کے ملک کی سربراہی کرنے والے کلائمیٹ ایجنڈا اور آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کو مزید قوت مل گئی ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے پوری ریاست میں 116 فارموں کی مدد کرنے کے لیے کلائمیٹ ریسیلینٹ فارمنگ گرانٹ پروگرام ( Climate Resilient Farming Grant Program) کے راؤنڈ 7 کے ذریعے تقریباً 16$ ملین کی رقوم دی جا رہی ہیں۔ کلائمیٹ ریسیلینٹ فارمنگ پروگرام ریاست کے زرعی ماحولیاتی انتظام کے فریم ورک کا ایک جزو ہے جسکی قیادت مقامی طور پر کاؤنٹی کے مٹی اور پانی کا تحفظ کرنے والی ڈسٹرکٹس اور حصہ لینے والے کسان کرتے ہیں۔ منتخب کیے جانے والے منصوبے گرین ہاؤس گیسوں میں سالانہ 64,000 میٹرک ٹن کمی کریں گے جو اتنی ہی کاربن ڈائی آکسائیڈ - یا سڑکوں پر سے 14,000 سے زیادہ کاروں کو ایک سال کے لیے ہٹانے کے برابر ہوگا، جس سے ماحولیاتی پائیداری میں اضافہ ہوگا، اور موسمیاتی تبدیلیوں سے پیدا ہونے والی شدید موسمی صورتحال کا مقابلہ کرنے کی قوت اور استعداد بڑھے گی۔ ریاست کے آب و ہوا کے جارحانہ ایجنڈے کے ایک جزو کے طور پر، ریاستِ نیو یارک کے مالی سال 2023 کے نافذ کردہ بجٹ میں اس پروگرام کے لیے فنڈنگ کو دوگنا کر دیا گیا تھا۔

"نیویارک کی زرعی صنعت کو ہماری بدلتی ہوئی آب و ہوا کی وجہ سے شدید چیلنجوں کا سامنا ہے، جن میں شدید سیلابوں سے لے کر خشک سالی تک شامل ہے اور جو ان کی فصلوں اور ان کے روزگار کو متاثر کرتے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "کلائمیٹ ریسیلینٹ فارمنگ گرانٹ پروگرام ان چیلنجوں سے خواب اچھی طرح نمٹ رہا ہے، جس سے ہمارے کسانوں کو موسم کی وجہ سے ہونے والے نقصانات کو روکنے والے منصوبوں پر عملدرآمد کرنے میں مدد مل رہی ہے جو تے ہیں اور یہ امر بھی یقینی بن رہا ہے کہ ہمارے کسان گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی لا کر اور اپنے ماحولیاتی اثرات کم کرکے موسمیاتی تبدیلی کے حل کا حصہ بنیں۔ "

کلائمیٹ ریسیلینٹ فارمنگ گرانٹ پروگرام کے سات راؤنڈز کے ذریعے، بشمول اس تازہ ترین راؤنڈ کے، ریاست نیو یارک کے 386 فارموں کی مدد کے لیے تقریباً 36$ ملین دیے جا چکے ہیں کہ وہ ایسے بہترین انتظامی طریقے (BMPs) نافذ کر سکیں جو گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج کم کرنے، مٹی کی صحت برقرار رکھنے، اور توانائی کی بچت کو فروغ دینے میں مدد کرنے والے ہیں۔ یہ منصوبے آبپاشی کی صلاحیت میں بھی اضافہ کرتے ہیں اور فصلوں اور مویشیوں پر خشک سالی کے ادوار کے ساتھ ساتھ شدید بارش اور سیلاب کے اثرات کو کم کرنے کے لیے پانی کی انتظام کاری پر زور دیتے ہیں۔

مثال کے طور پر، جب سے یہ پروگرام شروع ہوا ہے تب سے تقریباً 100,000 ایکڑ پر محیط فصلوں کے 178 فارموں کو رقوم دی گئی ہیں تاکہ انہیں کٹاؤ کنٹرول کرنے، کاربن کو الگ کرنے، اور مٹی کی صحت بہتر بنانے میں مدد ملے، اور مزید برآں، دیگر فوائد کے علاوہ فصلوں کو سیلاب کے نقصان سے بچانے کے لئے 49 فارموں میں 156 ایکڑ ریپرین فاریسٹ بفرز کا منصوبہ بھی بنایا گیا ہے۔

کاؤنٹی سوائل اینڈ واٹر کنزرویشن ڈسٹرکٹس (SWCDs) کو فارمرز کی جانب سے تین ٹریکس میں سے ایک میں گرانٹ دی گئی: میتھین کی کمی کے لیے مویشیوں کا نظم و نسق کرنا؛ کھیتوں کو انتہائی شدت والی موسمیاتی تبدیلیوں کے مقابلے میں مدد دینے کے لیے موافقت اور لچکداری کے منصوبے؛ اور نامیاتی مادے کو فروغ دینے، کاربن کو الگ کرنے، آبی گزرگاہوں میں مٹی کے کٹاؤ اور غذائیت کی آلودگی کو کم کرنے اور فصلوں کی پیداوار میں اضافہ کرنے کے لیے Healthy Soils NY نامی پروگرام۔

کلائمیٹ ریسیلینٹ فارمنگ گرانٹ پروگرام ریاست کے زرعی ماحولیاتی انتظام ( Agricultural Environmental Management) پلاننگ کے فریم ورک کی پیروی کرتا ہے اور کاؤنٹی SWCDs اسکی قیادت اور نفاذ کرتی ہیں۔ کاؤنٹی SWCDs قدرتی وسائل کے تحفظ اور ماحولیاتی چیلنجوں اور مواقع سے نمٹنے کے لیے فارموں اور کمیونٹیز کے ساتھ مل کر کام کرتی ہیں۔

مندرجہ ذیل علاقوں میں SWCDs کو کلائمیٹ ریسیلینٹ فارمنگ پروگرام کے لیے راؤنڈ 7 کی گرانٹس سے نوازا گیا:

- **کیپیٹل ریجن:** چار فارمز کے ساتھ کام کرنے کے لیے $1,221,092
- **وسطی نیویارک:** 17 فارمز کے ساتھ کام کرنے کے لیے $1,817,866
- **فنگر لیکس:** 40 فارمز کے ساتھ کام کرنے کے لیے $4,342,175
- **ہڈسن ویلی:** پانچ فارمز کے ساتھ کام کرنے کے لیے $381,210
- **موہاک ویلی:** 12 فارمز کے ساتھ کام کرنے کے لیے $2,804,446
- **نارتھ کنٹری:** 15 فارمز کے ساتھ کام کرنے کے لیے $1,283,743
- **جنوبی ٹیئر:** 11 فارمز کے ساتھ کام کرنے کے لیے $1,801,037
- **مغربی نیویارک:** 12 فارمز کے ساتھ کام کرنے کے لیے $1,469,802

ایوارڈ یافتہ پروجیکٹس کی مکمل فہرست کے لیے، براہ کرم محکمہ زراعت و مارکیٹس کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

**ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے زراعت و مارکیٹس کے کمشنر Richard A. Ball نے کہا،** "کلائمیٹ ریزیلینٹ فارمنگ گرانٹ پروگرام موسمیاتی تبدیلیوں سے لڑنے اور ہمارے کسانوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے ہماری جنگ میں مسلسل حقیقی حل فراہم کرتا رہتا ہے جنکا مقابلہ یہاں نیویارک میں ہمیں گزشتہ برسوں کے دوران ہونے والے شدید موسمی حالات کی بڑھتی ہوئی تعداد کے دوران کرنا پڑا تھا۔ میں گورنر Hochul اور اپنی مقننہ کا شکر گزار ہوں جنہوں نے ریاست کے موسمیاتی ایجنڈے اور ان پروگراموں کی حمایت و معاونت جاری رکھی ہوئی ہے جن سے ہمارے ماحولیاتی استحکام میں اضافہ ہو رہا ہے۔"

**ریاست نیویارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا،** "کلائمیٹ ریزیلینٹ فارمنگ گرانٹ پروگرام محکمہ زراعت اور منڈیوں کے ذریعے کسانوں کو وہ وسائل فراہم کر رہا ہے جسکی انہیں ریاست کی کی کوششوں کو تقویت دینے کے لئے ضرورت ہے تاکہ وہ موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلے کرنے میں نیویارک کے فارموں کی اس فنڈنگ کے ذریعے مدد کریں اور انکی قوت مدافعت اور استحکام میں اضافہ کریں۔ کھیت مالکان اور کسان گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج کم کرنے میں ایک بڑا اور اہم کردار ادا کرتے ہیں اورصاف ستھرا ماحول اور صحت مند خوراک یقینی بناتے ہیں اور نیو یارک باسیوں کے لیے ایک سرسبز مستقبل کی راہ ہموار کرتے ہیں۔ آج اعلان کردہ یہ گرانٹ پروگرام گورنر Hochul کے اس عزم مصمم کی نشاندہی کر رہا ہے جو وہ زراعت کے

شعبے مینسرمایہ کاریوناور موسمیاتی تبدیلیوں سے لڑنے اور پائیداری کو فروغ دینے کے لیے اس صنعت کی جاری کوششونکا ساتھ دینے کے معاملے میں رکھتی ہیں۔"

**نیو یارک فارم بیورو کے صدر David Fisher نے کہا،** "نیویارک کے کسان اپنے کھیتوں پر موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو پوری طرح سمجھتے ہیں اور ان اثرات کو کم کرنے اور اپنا کاربن فٹ پرنٹ کم کرنے میں اپنا مثبت کردار ادا کرنے کے لئے پوری طرح تیار ہیں۔ کلائمیٹ ریزیلینٹ فارمنگ گرانٹ پروگرام ان دونوں کاوشوں میں فارموں کی مدد کر رہا ہے، اور وہ بہترین انتظامی طریقے نافذ کرنے میں فارموں کا ہاتھ بٹا رہا ہے جو مضبوط ماحولیاتی انتظام کے ریکارڈ پر استوار ہیں۔ نیو یارک فارم بیورو اس دن کو حقیقت کا روپ دینے کے لیے Hochul کا شکریہ کہ انہوں نے اس پروگرام کی مدد و حمایت کی، اور اسکے علاوہ پوری ریاست کی مٹی اور پانی کے تحفظ والی ڈسٹرکٹس کا بھی شکریہ جو ہمارے قابل قدر شراکت دار ہیں۔"

**ریاستی سینیٹر Michelle Hinchey نے کہا،** "ہمارے کسان بدلتی ہوئی آب و ہوا کے پہلے گواہ ہیں اور انہیں اپنی ماحولیاتی ذمہ داریاں نبھانے اور شدید موسموں کا مقابلہ کرنے والی قوت پیدا کرنے والے مؤثر ترین طریقے نافذ کرنے کے لیے ہماری مسلسل مدد کی ضرورت رہتی ہے۔ کلائمیٹ ریزیلینٹ فارمنگ گرانٹ پروگرام اس کاوش میں بہت اہم کردار ادا کر رہا ہے اور اسکے ذریعے پوری ریاست کے کسانوں کی مدد کی جا رہی ہے بشمول میری ڈسٹرکٹ کے جہاں اولسٹر کاؤنٹی میں سبزیوں کے دو فارم ڈیزل کے بجائے بجلی سے چلنے والے الیکٹرک اریگیشن پمپس پر منتقل ہو رہے ہیں۔ میں گورنر Hochul کا، Ag & Markets کا، اور مٹی اور پانی کا تحفظ کرنے والی اپنی مقامی ڈسٹرکٹس کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ موسمیاتی بحران کے خلاف ہماری لڑائی میں اہم کردار ادا کرنے کی خاطر زیادہ سے زیادہ کسانوں کی مدد کر رہے ہیں۔"

**رکن اسمبلی Donna Lupardo نے کہا،** "کلائمیٹ ریزیلینٹ فارمنگ پروگرام کسانوں کو وہ وسائل فراہم کر رہا ہے جنکی انہیں اپنے کاشتکاری کے طریقوں پر موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا مقابلہ بہتر طور پر کرنے کے لئے اشد ضرورت ہے۔ فنڈ کردہ پراجیکٹس اپنی توجہ انتہائی اہم شعبوں پر مرکوز رکھتے ہیں مثلاً میتھین میں کمی لانا، موسم کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت بڑھانا، اور مٹی کی صحت برقرار رکھنا۔ میں اس پروگرام کے لیے مسلسل تعاون کرنے کے لئے گورنر اور اپنے ساتھیوں کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا اور مٹی اور پانی کا تحفظ کرنے والی ڈسٹرکٹس کا بھی کہ وہ اتنا قابل قدر کام کرتے ہیں۔"

**ریاست نیویارک کی مٹی اور پانی کے تحفظ کی کمیٹی کے چیئر Dale Stein نے کہا،** "کلائمیٹ ریزیلینٹ فارمنگ گرانٹ پروگرام ہمارے کسانوں اور مٹی اور پانی کا تحفظ کرنے والے اضلاع کو وہ وسائل فراہم کرتا رہتا ہے جن کی انہیں فارموں پر ایسے بہترین انتظامی طریقے نافذ کرنے کے لئے ضرورت ہوتی ہے جو نہ صرف ہمارے قدرتی وسائل کی حفاظت اور ان کے ماحولیاتی اثرات کو کم کرنے میں مدد فراہم کر رہے ہیں بلکہ انہیں ایسے شدید موسمی حالات سے تحفظ بھی فراہم کر رہے ہیں جو فصلوں کو تباہ کر سکتے ہیں۔ اس اضافہ کردہ فنڈنگ کے ساتھ، یہ پروگرام پوری ریاست میں اور بھی زیادہ فارموں تک پہنچ رہا ہے۔ مجھے اپنی زرعی صنعت پر فخر ہے اور میں انکے اس تعاون کا معترف ہوں جو موسمیاتی تبدیلیوں کے خلاف جنگ میں وہ کر رہے ہیں۔"

2015 میں شروع ہونے والا کلائمیٹ ریزیلیئنٹ فارمنگ پروگرام ریاست کے موسمیاتی لیڈرشپ اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے تحت گرین ہاؤس گیسز کے اخراج کو کم کرنے اور کارآمد زمینوں پر کاربن سیکویسٹرین میں اضافہ کرنے والے اہداف کے حصول میں ریاست کے زرعی شعبے کی معاونت کرتا ہے۔ اب تک کاؤنٹی SWCDs کی جانب سے فراہم کردہ ماہر تکنیکی معاونت کے ساتھ اس پروگرام کے ذریعے تقریباً 400 فارمز ایسی تبدیلیوں کو نافذ کرنے میں کامیاب ہو چکے ہیں جو ماحولیاتی اثرات کو کم کرنے اور بدلتی ہوئی آب و ہوا کے اثرات کا مقابلہ کرنے کی قوت بڑھانے میں مدد کر رہے ہیں۔

**ریاست نیویارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ**

ریاست نیو یارک کا قومی سطح پر قیادت کرنے والا آب و ہوا کا ایجنڈہ پورے ملک میں موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلقہ سب سے زیادہ جارحانہ اولین اقدام ہے۔ کلائمیٹ لیڈرشپ اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ ( Climate Leadership and Community Protection Act) کے ذریعے نیویارک کا ہدف ہے کہ ہم سنہ 2040 تک

صاف توانائی اور صفر اخراج والے بجلی پر منتقل ہو جائیں، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابل تجدید توانائی پیدا کرنا اور پوری معیشت کو کاربن کی غیر جانبداری تک پہنچانا شامل ہے۔

اس کی بنیاد صاف توانائی کو بڑھانے کے لیے نیو یارک کی بے مثال سرمایہ کاریوں پر استوار ہے جس میں پوری ریاست میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیل کے منصوبوں میں $35 بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے $6.8 بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے $1.8 بلین، $1 بلین سے زائد صاف نقل و حمل کی پہل کاریوں کے لیے، اور $1.6 بلین سے زائد نیو یارک گرین بنک (NY Green Bank) کے وعدوں کے لیے ہیں۔ باہم مل کر، یہ سرمایہ کاریاں سنہ 2020 تک نیو یارک کے ماحول دوست توانائی کے شعبے میں تقریباً 158,000 ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں، جو کہ سولر کی تقسیم کے شعبے میں 2011 سے لے کر 2,100 فیصد اضافہ ہے اور ساحلی ہوا کے ذریعے 2035 تک 9,000 میگا واٹس تیار کرنے کا عزم ہے۔

کلائمیٹ ایکٹ کے تحت، نیویارک اس پیشرفت کو آگے بڑھائے گا اور 2050 تک گرین ہاؤس گیسز کے اخراج کو 1990 کی سطح سے 85 فیصد تک کم کرے گا، جبکہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاری کے 40 فیصد فوائد کے ہدف کے ساتھ کم از کم 35 فیصد فوائد کو پسماندہ علاقوں تک پہنچایا جائے، اور ریاست کے 2025 کے توانائی کی کارکردگی کے ہدف کی جانب پیش رفت کی جائے گی جس میں سائٹ پر توانائی کی کھپت کو 185 ٹریلین BTUs تک استعمال ہونے والی توانائی کی بچت کے ذریعے کم کیا جائے گا۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں